# ٹینڈر نوٹس برائے کچا راشن مالی سال 2026-27

زیر دستخطی (سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل صوابی) کو سربمہر ٹینڈر برائے مالی سال 2026-27 میں کچا راشن بمعہ ادویات و دیگر متفرق اشیاء اعلیٰ مالیت -/Rs.40000000 (چار کروڑ روپے) بنتی ہے ڈسٹرکٹ جیل صوابی جیل گیٹ کی پہنچ کی بنیاد پر برائے حوالاتیان وقیدیان ڈسٹرکٹ جیل صوابی کے لئے مطلوب ہیں۔ وہ EPADS/KPPRA خیبر پختونخواہ میں رجسٹر ہونگے اور مندرجہ ذیل شرائط وضوابط پر پورا اترتے ہو وہی ٹینڈر میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وہ بڈرز/ ٹھیکیداران/ فرم/ کمپنیاں جو EPADS میں رجسٹرڈ نہیں ہیں وہ اپنی مطلوبہ معلومات کے ساتھ ویب سائٹ (https://kp.eprocure.gov.pk) پر اپنی فرم رجسٹر کر سکتے ہیں۔ وہ بڈرز جو مندرجہ ذیل شرائط وضوابط پر پورا اترتے ہو وہ ای پروکیورمنٹ (e-procurement) میں حصہ لے سکتے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے بڈرز E-PADs، آئی جی جیل خانہ جات اور KPPRA کی ویب سائیٹ کے زریعے ٹینڈر کی اشاعت کا نوٹس حاصل کر سکتے ہیں۔

مجوزہ ٹینڈر فارم بمع فہرست درکار اشیاء اور دیگر ضروری دستاویزات EPAD کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ تمام بڈرز اپنی EPADS،E-Bid ویب سائٹ (https://kp.eprocure.gov.pk) کے زریعے مورخہ 20-07-2026 بوقت 11:00AM بجے تک آن لائن جمع کروا سکے گے اور بڈرز اسی دن بوقت 12:00PM بجے کو آن لائن کمیٹی ممبران اور ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔

## شرائط و ضوابط

1۔ متذکرہ ٹینڈر کی بڈرز (Khyber Pakhtunkhwa Public Procurement Regularity KPPRA) کی ہدایات کی روشنی میں آن لائن EPAD ویب سائٹ (https://kp.eprocure.gov.pk) کے زریعے وصول اور عمل میں لائی جائی گی۔

2۔ ای ٹینڈرنگ میں حصہ لینے والے تمام بڈرز کو ٹینڈر کی مالیت کا 2% اصل کال ڈیپازٹ مبلغ 800,000 (آٹھ لاکھ) روپے بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل صوابی اور کال ڈیپازٹ کے ساتھ متعلقہ بینک سے اوریجنل سرٹیفکیٹ جس میں اس بینک کا فون نمبر لکھا ہو اور ساتھ میں متلقعہ بینک سے کال ڈیپازٹ جاری ہونے کا تصدیق ہو اور متذکرہ تاریخ ووقت ختم ہونے سے پہلے دفتر ہذا میں جمع کرنا ہوگا۔

3۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیدار کا ATL لسٹ میں ACTIVE ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیدار کو مالی استحکام کے ثبوت کے طور پر اپنا بینک سٹیٹمنٹ لگانا ضروری ہے اور اس سٹیٹمنٹ کو متعلقہ بینک منیجر سے تصدیق کرانا لازمی ہوگا۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران کا گورنمنٹ ادارے کو کچا راشن سپلائی کرنے تین سال کا وسیع تجربہ ہو۔ اور کسی بھی خیبر پختونخواہ ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہو اور نہ ہی کسی مدت کیلئے پابندی لگی ہو۔

4۔ دلچسپی رکھنے والے ٹھیکیداروں کو چاہیے کہ ٹینڈر فارمز جمع کرنے سے پہلے زیر دستخطی کو تمام رجسٹریشن سرٹیفکیٹس ،ایف بی آر، نیشنل ٹیکس نمبر اور تمام رجسٹریشن سرٹیفکیٹ انڈر سیکشن 15 ایکٹ 2014،KPFS&HFA کے تحت ہونا لازمی ہوگا ورنہ بڈز منسوخ ہوگا۔ کمپنی/ فرمز کا تین سال کا مالی تفصیلات آڈٹ رپورٹ کے ساتھ لگانا لازمی ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ گان کو سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء/ راشن کی سپلائی یا قوائد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکیدار کے بل یا سیکیورٹی سے منفی کیا جائے گا اور اسے بلیک لسٹ کیا جائے گا اور زرضمانت بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔

6۔ متعلقہ فرم یا ٹھیکیدار کو حکومت پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکس بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس اور سٹامپ ڈیوٹی یا کسی بھی قسم کے دیگر ٹیکس جو حکومت پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں وغیرہ مروجہ رواں پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہوں گے۔

7۔ تمام اشیاء کی سپلائی جیل ہذا کے مین گیٹ/ راشن سٹور پر مقررہ وقت پر کرنا ہوگا یعنی دفتری اوقات میں ہوگا۔ اور کال ڈیپازٹ ٹینڈر کی منظوری تک واپس نہیں کیا جائے گا۔

8۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ریجنل آفس مردان اور مقررہ کمیٹی کے ممبران صاحبان کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی ٹھیکیدار یا فرم کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر وجہ بتا کر مسترد کر سکتے ہیں۔

9۔ ٹھیکے کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ریجنل آفس مردان دینگے۔

احسان الدین

سپرنٹنڈنٹ

ڈسٹرکٹ جیل صوابی

RICT JAIL SWABI

فون و فیکس نمبر 920033 -0938

CamScanner